10/02/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کشمیر پولیس کو ہدایت دی ہے کہ وہ دہشت پسندی کے خلاف فیصلہ کُن کاروائی کریں اور دہشت پسندی کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کے لئے سماج کے ہر ایک فرد کے ساتھ اشتراک کریں ۔ جموں میں منعقد ہو رہے جے اینڈ کے پولیس Martyrs ہاکی ٹورنامنٹ کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ جموں کشمیر پولیس کے اہلکاروں نے قوم کے لئے بے مثال قربانیاں دی ہیں ۔ انہوں نے مختلف پروگراموں کے ذریعے سے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے لئے جموں کشمیر پولیس کی تعریف کی ۔

عمر بجٹ

آج جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی میں وزیرِ اعلیٰ بجٹ 2026 -27 پر جاری بحث کا جواب دیں گے۔اپنے خطاب میں وہ حکومت کے ویژن اور آئندہ اہم فیصلوں پر روشنی ڈالیں گے۔یہ خطاب یوٹی کی ترقیاتی ترجیحات اور مستقبل کی حکمتِ عملی کے حوالے سے نہایت اہم تصور کیا جا رہا ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل محکمہ ثقافت کی نئی سرکاری ویب سائٹ کا اجرا کیا۔ اس ویب پورٹل کا مقصد ثقافتی ورثے، سرگرمیوں اور خدمات سے متعلق معلومات عوام تک آسان رسائی کے ساتھ پہنچانا ہے۔ یہ ویب سائٹ شہریوں، محققین اور فنکاروں کے لیے ایک واحد ڈیجیٹل پلیٹ فارم فراہم کرے گی اور اس پر بکنگ سمیت مختلف سہولیات شفاف انداز میں دستیاب ہوں گی۔

ہائی کورٹ

جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی ہدایت پر ” Mediation for the Nation2.0“ مہم کے سلسلے میں جموں میں ایک اہم میٹنگ منعقد ہوئی، جس کی صدارت رجسٹرار جنرل ایم کے شرما نے کی۔ میٹنگ میں بینکنگ اور مالی تنازعات کے حل کے لیے Mediation کو مو

مراکز کو Mediationثر، تیز رفتار اور کم خرچ طریقہ قرار دیتے ہوئے ایسے مقدمات کو جلدۂ بھیجنے پر زور دیا گیا۔ اس موقعہ پر شرکاءکو مہم کے اغراض و مقاصد سے آگاہ کیا گیا جبکہ بینکوں نے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

CSIR-IIIM

CSIR-IIIM کے سائنس و ٹیکنالوجی محکمہ کے کمشنر سیکرٹری ڈاکٹر شاہد اقبال چودھری اور ڈائریکٹر ڈاکٹر زبیر احمد نے انڈسٹریل بایوٹیک پارک گھٹی کٹھوعہ کا مشترکہ جائزہ لیامیٹنگ میں بایوٹیک پارک کو مو

ثر بنانے، اسٹارٹ اپس کی سرپرستی، نجی شراکت داری اور ہنرمندی کے فروغ پر زور دیا گیا۔ ۂ اس موقعے پر افسران نے وقت بند ایکشن پلان کے ذریعے بایوٹیک اختراعات اور روزگار کے مواقعے بڑھانے پر اتفاق کیا۔

شوپیاں

SSPضلع شوپیاں میں جرائم کی صورتِ حال اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے شوپیاں مشتاق احمد چودھری نے ڈسٹرکٹ پولیس آفس شوپیاں میں ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ UAPA اورNDPS ایکٹ کے تحت درج مقدمات، تفتیش کی پیش رفت اور مقدمات کے تصفیے کی رفتار پر تفصیلی غور کیا گیا۔ میٹنگ میں

SSP نے اس موقع پر منشیات کے خلاف کارروائی مزید تیز کرنے، نیٹ ورکس کو توڑنے اور امن و امان برقرار رکھنے کے لیے چوکسی اور انٹیلی جنس مضبوط کرنے کی ہدایات دی۔

ڈپٹی کمشنر گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے زراعت اور متعلقہ محکموں کی اسکیموں کا جائزہ لیتے ہوئے کے تحت موصول JKCIP اور HADP ڈسٹرکٹ لیول کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں کے تحت منظور کیے HADPاور 214 کیسز JKCIP درخواستوں کی جانچ کے بعد 290 کیسز گئے۔میٹنگ میں فنڈز کے بروقت استعمال اور مستحقین کی رہنمائی پر زور دیا گیا۔

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیرپا نے ایک میٹنگ میں ضلع کیپکس بجٹ 2025–26 کے تحت جاری اور نئے منصوبوں کی مالی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں مختلف شعبوں کی کارکردگی، اخراجات اور تکمیل کی مدت پر غور ہوا۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقعے پر کاموں میں سرعت لانے، معیاری عمل درآمد اور بین محکمانہ رابطہ مضبوط بنانے کی افسران کو ہدایت دی۔

سرینگر پروگرام

سرینگر کے ایس سی ای آر ٹی بمنہ میں پانچ روزہ بین ریاستی یوتھ ایکسچینج پروگرام اختتام پذیر ہوا، جس میں پنجاب سے آئے نوجوانوں کے 37 وفود نے شرکت کی۔ یہ پروگرام نوجوانوں اور کھیل کی وزارتِ کے اشتراک سے میرا یووا بھارت نے منعقد کیا۔ شرکاءنے لال چوک اور سونہ ٹریفک محبوب الحق نے قومی یکجہتی DySP مرگ کے دورے کیے۔اس موقعہ پر مہمانِ خصوصی پر زور دیا۔

میلہ

جموں کشمیر رورل لائیو لی ہُڈ مشن کے زیر اہتمام سارس آجیویکا میلہ کلا کیندرہ جموں میں اختتام پذیر ہوا۔ میلے میں ملک بھر کی دستکاری، ثقافت اور روایتی کھانوں کی نمائش کی گئی۔ ”امید کا ذائقہ“ فوڈ سروس برانڈ توجہ کا مرکز رہا۔ اس میلے نے ایک پلیٹ فارم کی صورت میں دیہی خواتین کی معاشی خودمختاری اور ہنر کو نئی پہچان دی ہے۔

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چِب نے ایس کے پائین پر
و

کنکلیو 2026 کا افتتاح کیا، جس کے ساتھ پانچ روزہ ماحولیاتی سیاحت اور Bird Watch لر±

تحفظِ ماحول کی سرگرمیوں کا آغاز ہوا۔ کنکلیو کے پہلے روز بڑی تعداد میں شہریوں، نوجوان رضاکاروں اور مقامی افراد نے شرکت کی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****